CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار۔ باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد: 19 | ہفتہ 8 اگست 2026ء۔ 24 صفر 1448ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 209

شہباز شریف کی سعودی ولی عہد سے اہم ملاقات

اہم ملاقات میں پاکستان سعودی تعلقات، علاقائی صورتحال، اقتصادی تعاون، دفاعی شراکت داری اور سفارتی روابط کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال ہوا

دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے امور، خطے کی موجودہ صورتحال، اقتصادی روابط، سرمایہ کاری، دفاعی تعاون اور مستقبل کی مشترکہ حکمت عملی پر تفصیلی گفتگو کی

برادرانہ تعلقات کو مزید وسعت دینے، اقتصادی و دفاعی تعاون بڑھانے، سفارتی روابط مضبوط بنانے اور باہمی مفادات کے تحفظ کے لیے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا گیا

سعودی ولی عہد محمد بن سلمان نے قصر الصفا میں وزیراعظم شہباز شریف کا پرتپاک استقبال کیا، جبکہ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا

مکہ مکرمہ (نیوز ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مکہ مکرمہ میں سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود سے اہم ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کے جاری کردہ بیان کے مطابق ملاقات قصر الصفا میں ہوئی، جہاں سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے وزیراعظم شہباز شریف کا خیر مقدم کیا۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیر دفاع خواجہ محمد آصف بھی شریک تھے۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں پاکستان اور سعودی عرب کے برادرانہ تعلقات، دوطرفہ تعاون، علاقائی (بقیہ نمبر 1)

صدر زرداری کا سکیورٹی فورسز کو زبردست خراجِ تحسین

جنوبی وزیرستان، دیر میں دس بھارتی سرپرست دہشت گرد ہلاک، کارروائی کامیاب

اسلام آباد (نیوز ڈیسک): صدر مملکت آصف علی زرداری نے جنوبی وزیرستان اور دیر میں فتنہ الخوارج کے بھارتی سرپرستی میں سرگرم دس دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ جمعہ کو ایوانِ صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق (بقیہ نمبر 2)

جنوبی وزیرستان، دیر میں 10 دہشت گرد ہلاک، وزیراعظم کا فورسز کو خراج

مکہ مکرمہ (نیوز ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جنوبی وزیرستان اور ضلع دیر میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 10 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ جمعہ (بقیہ نمبر 33)

آزاد کشمیر انتخابات میں بدترین دھاندلی ہوئی، پیپلز پارٹی رہنماؤں کا شدید الزام

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں بدترین دھاندلی زدہ الیکشن کرایا گیا۔ پیپلز پارٹی کے رہنما نیئر بخاری نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر میں 3 مرحلوں (بقیہ نمبر 10)

صوبوں کی تقسیم ہرگز برداشت نہیں، مراد شاہ

نئے صوبوں کیلئے آئینی دوتہائی اکثریت لازمی، سندھ اسمبلی مخالف رہی

کراچی: (نیوز ڈیسک) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا کہ صوبوں کی تقسیم پر کسی کی لاشیں نہیں گرنے دیں گے۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ آئین کے مطابق صوبے بنانے کیلئے دوتہائی اکثریت درکار ہے، جن کو لگتا ہے سسٹم تباہ ہو گیا وہ تھر پارکر کا معائنہ کر لیں۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ اسمبلی نے متعدد بار نئے صوبے بنانے کی مخالفت (بقیہ نمبر 11)

ریال میڈرڈ نے وینسئس جونیئر سے 2032 تک نیا معاہدہ کرلیا باضابطہ

میڈرڈ۔ (نیوز ڈیسک) ریال میڈرڈ نے اپنے برازیلی سٹار فارورڈ وینسئس جونیئر کے مستقبل کو محفوظ بناتے ہوئے ان کے ساتھ 6 سالہ نئے معاہدے کی باضابطہ تصد (بقیہ نمبر 3)

مریم نواز کا خستہ عمارتوں کے سروے کا حکم

مون سون بعد جامع سروے، پی ڈی پی منصوبے جلد مکمل کرنے کی ہدایت

لاہور: (نیوز ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے مون سون سیزن کے فوراً بعد پنجاب کے ہر شہر میں خستہ حال عمارتوں کا جامع سروے کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ڈی پی) فیز ون کی جلد تکمیل کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی زیر (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد پولیس کی کارروائی، 23 جرائم پیشہ گرفتار

منشیات، اسلحہ برآمد، اشتہاری ملزمان گرفتار، مقدمات درج، تفتیش جاری

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروران اور مجرمان اشتہاریوں سمیت 23 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ پولیس ترجمان کے اسلام آباد پولیس تھانہ ترنول، تھانہ گولڑہ، تھانہ (بقیہ نمبر 5)

ساہیوال کول پلانٹ کی شاندار کارکردگی برقرار رہی

جدید ٹیکنالوجی، مؤثر دیکھ بھال، قومی گرڈ کو مستحکم بجلی کی فراہمی

سلام آباد (نیوز ڈیسک): چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے کے تحت قائم 1320 میگاواٹ صلاحیت کے حامل ساہیوال کول فائرڈ پاور پلانٹ نے ایک بار پھر اپنی اعلیٰ آپریشنل کارکردگی کا ثبوت دیتے ہوئے سالانہ کپیسٹی ٹیسٹ کامیابی سے مکمل کر لیا۔ ٹیسٹ کے (بقیہ نمبر 6)

موسمیاتی رپورٹنگ کیلئے صحافیوں کی تربیتی ورکشاپ منعقد

سیلاب، گلاف خطرات، ابتدائی انتباہی نظام پر ماہرین نے رہنمائی فراہم کی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ (پی آئی ڈی) نے میسرو کے تعاون سے میڈیا کی پیشہ ورانہ استعداد کار بڑھانے کے لیے ایک روزہ ورکشاپ کا (بقیہ نمبر 8)

عزمِ استحکام کے تحت آپریشن 10 خوارج ہلاک

جنوبی وزیرستان کے اعظم ورسک اور ضلع دیر میں سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کے دوران بھارت کے حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے دس دہشت گرد ہلاک، اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا

آئی ایس پی آر کے مطابق خوارج نے اعظم ورسک میں چیک پوسٹوں پر حملے کی کوشش کی، جسے بروقت ناکام بنا کر آٹھ دہشت گرد ہلاک کیے گئے جبکہ دیر میں مزید دو مارے گئے

ہلاک دہشت گرد متعدد کارروائیوں میں ملوث تھے، سکیورٹی فورسز نے علاقے میں کلیئرنس اور سینیٹائزیشن آپریشن جاری رکھتے ہوئے باقی ممکنہ دہشت گردوں کے خاتمے کا عزم دہرایا ہے

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) سکیورٹی فورسز نے صوبہ خیبر پختونخوا میں دو مختلف کارروائیوں کے دوران بھارت کے حمایت یافتہ فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے دس خوارج ہلاک کر دیئے۔ جمعہ کو پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق پہلی کارروائی میں بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے خوارج کے ایک گروہ نے ضلع جنوبی وزیرستان کے علاقے اعظم ورسک میں سکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹوں پر حملے کی کوشش کی، جسے سکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کے ذریعے ناکام بنا دیا۔ بعد ازاں شدید فائرنگ کے تبادلے میں سکیورٹی فورسز کی درست اور مؤثر جوابی کارروائی کے نتیجے میں آٹھ خوارج جہنم واصل کر دیے گئے۔ دوسری کارروائی ضلع دیر میں کی گئی، جہاں سکیورٹی فورسز نے مزید دو خوارج کو ہلاک کر دیا۔ ہلاک ہونے والے بھارت کے حمایت یافتہ خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ (بقیہ نمبر 9)

بچوں سے زیادتی سمیت جرائم میں پنجاب سرفہرست

چھ ماہ میں بچوں کے خلاف 1914 جرائم رپورٹ، پنجاب سرفہرست، زیادتی، اغوا اور گمشدگی کے تشویشناک اعداد و شمار سامنے آئے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) بچوں کے تحفظ کے لیے کام کرنے والی تنظیم ساحل نے جنوری سے جون 2026 کے دوران پاکستان بھر میں بچوں کے خلاف ہونے والے جرائم کی ششماہی رپورٹ جاری کر دی ہے، جس میں زیادتی، اغوا، گمشدگی، کم عمری کی شادی اور دیگر جرائم کے (بقیہ نمبر 32)

بینک صارفین کا خفیہ ڈیٹا بھی جائیداد قرار

لاہور ہائیکورٹ کا اہم فیصلہ، ڈیٹا کے ناجائز استعمال پر سخت مؤقف اختیار

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور ہائیکورٹ نے بینک صارفین کے خفیہ ڈیٹا کے غیر قانونی استعمال، جعلی سمز کے اجرا اور بینک اکاؤنٹس سے رقوم منتقل کرنے کے مقدمے میں اہم قانونی فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ بینک صارفین کا خفیہ ڈیٹا بھی قانون کی نظر میں جائیداد ہے اور (بقیہ نمبر 31)

خیبر پختونخوا حکومت نے اہم افسران کی ترقی، تبادلے اور تقرریاں کر دیں

پشاور (نیوز ڈیسک): خیبر پختونخوا حکومت نے اہم انتظامی سطح پر ترقیوں، تبادلوں اور تقرریوں کے احکامات جاری کر دیے۔ محکمہ انسانی وسائل و انتظامی امور (بقیہ نمبر 30)

قومی شاہراہوں پر امن و امان و محفوظ سفر کیلئے مؤثر اقدامات جاری، میر سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان نے ٹرانسپورٹرز کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت جاری کی

پرامن شاہراہیں بلوچستان کی معیشت، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ناگزیر قرار دی گئیں

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی کی قیادت میں ٹرانسپورٹرز اور گڈز ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے ملاقات کی، جس میں ٹرانسپورٹ سیکٹر کو درپیش مسائل، قومی شاہراہوں کی صورتحال، امن و امان اور تجارتی سرگرمیوں کے فروغ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفد نے وزیراعلیٰ کو ٹرانسپورٹرز اور گڈز ایسوسی ایشن کو درپیش مشکلات، قومی شاہراہوں کی موجودہ صورتحال اور ٹرانسپورٹ کے شعبے سے متعلق مختلف مسائل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی (بقیہ نمبر 29)

ای پروکیورمنٹ سے شفاف خریداری یقینی ہوگی، آئی جی

پیپرا کے جدید آن لائن نظام سے وقت، اخراجات اور شفافیت میں بہتری آئے گی

لاہور (نیوز ڈیسک) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے کہا ہے کہ پنجاب پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (پیپرا) کے ای پروکیورمنٹ سسٹم سے قواعد و ضوابط کے مطابق سرکاری خریداری کے عمل میں وقت اور اخراجات کی بچت کے ساتھ شفافیت کو بھی یقینی بنایا جا سکے گا۔ وہ جمعہ کو سنٹرل پولیس آفس میں پنجاب پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (پیپرا) کی مینیجنگ ڈائریکٹر صاحبزادی وسیمہ عمر سے ملاقات کے (بقیہ نمبر 28)

اسرائیلی آرمی چیف کا غزہ میں فوجی آپریشن جاری رکھنے کا اعلان

اسرائیلی آرمی چیف نے غزہ میں حماس کے خلاف فوجی کارروائیاں جاری رکھنے کا اعلان کیا

ایال ضمیر کے مطابق سکیورٹی خطرات کے مکمل خاتمے تک آپریشنز نہیں رکیں گے

تل ابیب (بیورو رپورٹ) اسرائیلی فوج کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل ایال ضمیر نے اعلان کیا ہے کہ اسرائیلی فوج غزہ میں اپنی فوجی کارروائیاں جاری رکھے گی اور حماس کے خلاف آپریشن اس وقت تک جاری رہے گا جب تک تمام خطرات کا خاتمہ نہیں ہو جاتا۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق غزہ کے دورے کے دوران اسرائیلی فوج کی جانب سے جاری بیان میں آرمی چیف ایال ضمیر نے کہا کہ اسرائیلی افواج نے حماس کی عسکری صلاحیت کو نمایاں حد تک کمزور کر دیا ہے اور علاقے کی سکیورٹی صورتحال میں بڑی تبدیلی لائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ "ہم غزہ (بقیہ نمبر 27)

آئی ورک فار سندھ پر نوجوانوں کیلئے لائیو کیریئر کونسلنگ شروع ہوگی

کراچی (نیوز ڈیسک) حکومت سندھ نے آئی ورک فار سندھ کے پلیٹ فارم سے نوجوانوں کی لائیو کیریئر کونسلنگ شروع کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ سندھ کے وزیر اطلاعات شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ رواں ماہ سے مختلف صنعتوں کے ماہرین نوجوانوں کی کیریئر کونسلنگ کا آغاز کریں گے۔ شرجیل انعام میمن کے مطابق آئی ورک فار سندھ کے لرن اینڈ ارن پلیٹ فارم سے (بقیہ نمبر 26)

وزیراعظم شہباز شریف نے عمرہ ادا کیا

پاکستانی وفد نے کعبہ شریف کی زیارت، ملکی سلامتی کیلئے خصوصی دعائیں کیں

مکہ مکرمہ۔ (نیوز ڈیسک): وزیراعظم محمد شہباز شریف، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز سید عاصم منیر، وفاقی وزرا خواجہ محمد آصف، عطاء اللہ تارڑ، معاون خصوصی طارق فاطمی اور پاکستانی وفد نے مکہ مکرمہ میں عمرہ ادا کیا۔ جمعہ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق عمرہ کی ادائیگی سے قبل پاکستانی وفد نے کعبہ شریف کی زیارت خاص کی سعادت حاصل کی۔ عمرہ کی ادائیگی کے بعد وزیراعظم، فیلڈ مارشل اور پاکستانی وفد نے ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی، امت (بقیہ نمبر 25)

جام کمال کی بیلاروسی سفیر سے ملاقات

ہنرمند افرادی قوت، شفاف بھرتی اور ادارہ جاتی تعاون پر اتفاق کیا گیا

اسلام آباد۔ (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے بیلاروس کے سفیر آندرے میتیلیتسا نے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ اقتصادی تعلقات اور پاکستان۔ بیلاروس (بقیہ نمبر 20)

سول ایوارڈز مکمل میرٹ پر دیئے جائیں گے

قومی خدمات انجام دینے والی شخصیات کا شفاف انداز میں انتخاب یقینی بنایا جائے



اسلام آباد (نیوز ڈیسک): وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان سول ایوارڈز کمیٹی نے آئین پاکستان اور مقررہ اصولوں کے مطابق سائنس، تعلیم، ادب، فن اور عوامی خدمت کے شعبوں میں غیر معمولی خدمات انجام دینے والی شخصیات کی نامزدگیوں کا حتمی جائزہ لیا ہے۔ پاکستان سول ایوارڈز کمیٹی کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح خالص میرٹ کی بنیاد پر ان قومی (بقیہ نمبر 21)

ایاز صادق کا فورسز کو خراجِ تحسین

جنوبی وزیرستان، دیر آپریشن کامیاب، دس خوارج ہلاک، قوم نے سراہا بھرپور انداز

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) اسپیکر سردار ایاز صادق نے جنوبی وزیرستان اور دیر میں آپریشنز کے دوران 10 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ جمعہ کو اپنے ایک بیان میں انہوں نے سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کی تعریف کی اور کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے، دہشتگردی کے خلاف سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور کامیابیاں پوری قوم (بقیہ نمبر 22)

طارق فضل کا فورسز کو زبردست خراجِ تحسین

جنوبی وزیرستان، دیر کارروائیاں کامیاب، دہشت گردی کے خاتمے کا عزم دہرایا گیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک): وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے جنوبی وزیرستان اور ضلع دیر میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ جمعہ کو سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وطنِ عزیز کے امن و استحکام کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے جوان پوری قوم کا فخر ہیں، دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک ریا (بقیہ نمبر 23)

سی پیک تحت جدید زرعی مشینری پاکستان پہنچ گئی

چین سے 258 زرعی مشینری یونٹس، جدید زراعت کے فروغ کیلئے فراہم کیے گئے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) چین۔ پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت پاکستان کو زرعی تعاون کے پروگرام کے تحت چین سے جدید زرعی مشینری اور آبپاشی کے آلات (بقیہ نمبر 24)

افغانستان دہشتگردوں کی آماجگاہ ہے، پاکستان

افغانستان سے سرگرم دہشت گرد ٹیٹ ورکس کو بھارتی مالی معاونت حاصل، پاکستان کا دفتر خارجہ میں مؤقف واضح

پاکستان نے افغانستان، مشرق وسطیٰ، غزہ اور آبنائے ہرمز کی صورتحال پر اپنا مؤقف تفصیل سے پیش کیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ نے ہفتہ وار بریفنگ میں افغانستان، مشرق وسطیٰ، کشمیر اور خطے کی مجموعی سکیورٹی صورتحال پر پاکستان کا مؤقف واضح کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان نے بدخشاں اور افغانستان کے دیگر علاقوں میں افغان طالبان فورسز اور حزب اختلاف کے درمیان جھڑپوں کی اطلاعات دیکھی ہیں اور خطے کی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان اور امریکا کے (بقیہ نمبر 14)

سی پیک تحت چین سے جدید زرعی مشینری کے 258 یونٹس پاکستان پہنچ گئے

اسلام آبا (نیوز ڈیسک) چین۔ پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت پاکستان کو زرعی تعاون کے پروگرام کے تحت چین سے جدید زرعی مشینری اور آبپاشی کے آلا (بقیہ نمبر 12)

ایف آئی اے نے تین کسٹم افسران گرفتار

رشوت وصولی، اختیارات کے ناجائز استعمال پر ٹریپ ریڈ کامیاب، مقدمہ درج ہوا

اسلام آباد۔ (نیوز ڈیسک): فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) اینٹی کرپشن سرکل اسلام آباد نے پاکستان کسٹمز کے ایک سپرنٹنڈنٹ اور دو انسپکٹرز کو رشوت ستانی، بھتہ خوری، اختیارات کے ناجائز استعمال اور مجرمانہ سازش کے الزام میں گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی (بقیہ نمبر 13)

محسن نقوی کا کامیاب آپریشنز پر فورسز کو خراجِ تحسین

اعظم ورسک اور دیر میں کامیاب کارروائیوں پر وزیر داخلہ نے سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا

فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا میں فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کی بھرپور ستائش کی ہے۔ وزیر داخلہ نے اعظم ورسک اور دیر کے علاقوں میں 10 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ اپنے بیان میں محسن نقوی کا کہنا تھا کہ سکیورٹی فورسز خیبر پختونخوا میں قیام امن کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہیں۔ انہوں نے خوارجیوں کے خلاف برسرِ پیکار قوم کے بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم دہشتگردی کے خلاف اس جنگ میں سکیورٹی فورسز کے شانہ (بقیہ نمبر 16)

کشمیری عوام سے وعدے پورے کریں گے، رانا ثنا

وفاقی حکومت سے آزاد کشمیر کی ترقی مزید تیز ہوگی، انتخابی جلسے میں اعلان

حویلی (نیوز ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ اب کشمیری عوام سے کیے گئے تمام وعدے پورے کرنے کا وقت آ گیا ہے، وفاق میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت سے آزاد کشمیر کی ترقی کا عمل مزید تیز ہوگا۔ ایل اے 17 میں انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ حویلی میں ہونے والا تاریخی جلسہ کشمیری عوام کی پاکستان سے غیر متزلزل وابستگی کا ثبوت ہے، پاکستان کشمیر کے بغیر نامکمل ہے اور مقبوضہ کشمیر کے عوام کی قربانیاں پوری قوم کے لیے قابل فخر ہیں، بھارت کو معلوم ہو چکا ہے کہ وہ پاکستا (بقیہ نمبر 15)

گولہ بارود کی کمی پر ٹرمپ و وزیر دفاع پر برس پڑے، واشنگٹن پوسٹ کا انکشاف

واشنگٹن پوسٹ نے ٹرمپ اور وزیر دفاع کے درمیان اختلافات کا دعویٰ کیا، وائٹ ہاؤس نے رپورٹ مکمل مسترد کر دی

رپورٹ میں گولہ بارود کی کمی پر تشویش ظاہر، پینٹاگون نے تمام الزامات بے بنیاد قرار دیے

تہران/ واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی اخبار کی ایک رپورٹ کے مطابق ایران کے ساتھ ممکنہ کشیدگی اور فوجی آپشنز کے معاملے پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گزشتہ ہفتے کیمپ ڈیوڈ میں ہونے والے کابینہ اجلاس کے دوران وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ سے سخت سوالات کیے (بقیہ نمبر 17)

عبدالعلیم خان کا سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

جنوبی وزیرستان کارروائی کامیاب، دہشت گردوں کی سرکوبی پر قوم نے سراہا بھرپور

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے جنوبی وزیرستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو شاندار خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سکیورٹی (بقیہ نمبر 18)

پولیس حراست میں جاں بحق دو خواتین سپرد خاک، تحقیقات کا مطالبہ

پاکپتن (نیوز ڈیسک) لاہور میں مبینہ طور پر پولیس حراست میں جاں بحق ہونے والی دو خواتین کی میتیں پولیس کی نگرانی میں ان کے آبائی علاقے بستی خوشٹ نگر، پاکپتن پہنچا دی گئیں، جہاں سکیورٹی کے پیش نظر پولیس کی بھاری نفری تعینات رہی۔ دونوں خواتین کی نماز جناز (بقیہ نمبر 19)

آزاد کشمیر میں پونچھ پلندری کے انتخابات امن وامان پر ملتوی کر دیئے گئے

باغ کے تین، حویلی کے ایک حلقے میں پولنگ دس اگست کو شیڈول کے مطابق ہوگی

مظفر آباد (پی پی اے) آزاد جموں وکشمیر میں جاری عام انتخابات کے تیسرے مرحلے کے دوران امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر ضلع پونچھ اور ضلع پلندری میں 10 اگست کو ہونے والی پولنگ ملتوی کر دی گئی ہے الیکشن کمیشن کے ترجمان کے مطابق ضلع پونچھ اور ضلع پلندری کے انتخابی حلقوں میں 10 اگست کو پولنگ نہیں ہوگی جبکہ ضلع باغ کے تین اور ضلع حویلی کے ایک انتخابی حلقے میں پولنگ پہلے سے جاری شیڈول کے مطابق 10 اگست کو ہی ہوگی ترجمان نے بتایا کہ انتخابات ملتوی کرنے کا فیصلہ امن و امان کی صورتحال بعض سیاسی شخصیات اور امیدواروں کی جانب سے موصول ہونے والی درخواستوں اور دیگر متعلقہ عوامل کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے الیکشن کمیشن کے مطابق انتخابات کی نئی تاریخ اور نظر ثانی شدہ شیڈول حالات کا جائزہ لینے کے بعد مناسب وقت پر جاری کیا جائے گا۔ کمیشن کا کہنا ہے کہ یہ فیصلہ آزادانہ منصفانہ شفاف اور پرامن انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے کیا گیا ہے دوسری جانب قبل ازیں الیکشن کمیشن نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ان خبروں کو بے بنیاد قرار دیا تھا جن میں پونچھ ڈویژن میں انتخابات ملتوی ہونے کا دعویٰ کیا گیا تھا تاہم بعد ازاں امن و امان کی صورتحال کے باعث باضابطہ طور پر پونچھ اور پلندری کے حلقوں میں پولنگ ملتوی کرنے کا اعلان کر دیا گیا واضح رہے کہ آزاد جموں وکشمیر کے عام انتخابات کے پہلے دو مراحل کامیابی سے مکمل ہو چکے ہیں جبکہ تیسرے مرحلے کے بعض حلقوں میں امن و امان کی صورتحال کے باعث انتخابی عمل متاثر ہوا ہے

جدہ میں یوم استحصال کشمیر پر یکجہتی کی پروقار تقریب منعقد

مقررین نے بھارتی اقدامات کی مذمت کشمیری عوام کی جدوجہد اور او آئی سی کے کردار کو سراہا

جدہ (محمد اکرم اسد) کشمیریوں کے ساتھ بھارتی مظالم اور بین الاقوامی قوانین اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خلاف اظہار یکجہتی اور 5 اگست 2019 کو ہندوستان نے باضابطہ طور پر ہندوستانی غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں وکشمیر کی خود مختار حیثیت کو منسوخ کر دیا اور براہ راست مرکزی حکومت نافذ کر دی کے لیے یوم استحصال کشمیر کی ایک باوقار تقریب پاکستان قونصلیٹ جنرل جدہ کے کمیونٹی ہال میں منعقد کی گئی، تقریب کا آغاز قاری محمد آصف کی تلاوت قران پاک سے اور سعودی عرب، پاکستان اور ازاد کشمیر کے قومی ترانوں سے ہوا تقریب میں صدر پاکستان وزیراعظم اور نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ کے خصوصی پیغامات پڑھ کر سنائے گئے جن میں کشمیر کے عوام کے ساتھ اتحاد کا مظاہرہ کرنے کی اہمیت پر زور دیا گیا ہندوستانی مقبوضہ جموں وکشمیر میں موجودہ حالت کی عکاسی کرنے والی ایک دستاویزی فلم دکھائی گئی جس میں ہندوستانی فوج مقبوضہ جموں وکشمیر میں بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی اور مقامی باشندوں کو درپیش مشکلات کو اجاگر کیا گیا ہے تقریب سے مہمان خصوصی او آئی سی میں پاکستان کے مستقل نمائندے سفیر سید فواد شیر ڈپٹی قونصل جنرل محترمہ فرینہ ارشد چیئرمین کشمیر کمیٹی جدہ مسعود احمد پوری اور چیئرمین جموں وکشمیر کمیونٹی اوورسیز انجینئر عارف مغل نے خطاب کیا مقررین نے تنازعہ کشمیر کی اصل اور مقبوضہ علاقے میں جاری صورتحال پر روشنی ڈالی بھارت کی طرف سے 5 اگست 2019 کے غیر قانونی غیر اخلاقی اور یکطرفہ اقدامات کی مذمت کی کشمیری عوام کی استقامت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا سعودی عرب کے ساتھ ساتھ او آئی سی کے کشمیر کاز کے لیے مثبت کردار کو سراہا اور اس بات پر زور دیا کہ اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادیں تنازعہ کشمیر کے پرامن اور پائیدار حل کے لیے بہترین اقدام ہیں تقریب میں پاکستانی اور کشمیری کمیونٹی کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب کے اختتام میں کشمیر کاز کے شہداء کے لیے اجتماعی دعا تنازعہ کشمیر کے جلد پرامن حل اور پاکستان کی امن ترقی اور خوشحالی کے لیے دعائیں کی گئی

سعودی عرب ترکیہ پاکستان نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے

سہ فریقی سربراہی اجلاس میں اجتماعی دفاع سلامتی عسکری تعاون اور خطے کے استحکام پر اتفاق

مکہ مکرمہ (محمد اکرم اسد) خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی دعوت پر ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوغان اور پاکستان کے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمعہ کے روز مکہ مکرمہ کا دورہ کیا ولی عہد و وزیراعظم سعودی عرب شہزادہ محمد بن سلمان نے قصر الصفا میں دونوں رہنماؤں کا استقبال کیا۔ اس موقع پر مکہ المکرمہ مشترکہ دفاعی سربراہی اجلاس منعقد ہوا جس میں تینوں ممالک کے درمیان تاریخی برادرانہ اور اسلامی تعلقات کا اعادہ کیا گیا اجلاس کے اختتام پر سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان ترک صدر رجب طیب اردوغان اور وزیراعظم شہباز شریف نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے معاہدے کے تحت طے پایا کہ تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر مسلح جارحیت کو تینوں پر حملہ تصور کیا جائے گا اور اجتماعی دفاع کو یقینی بنایا جائے گا معاہدے کا مقصد خطے میں امن استحکام اور اجتماعی روک تھام کو مضبوط بنانا ہے بیان میں کہا گیا کہ یہ معاہدہ تینوں ممالک کے دیرینہ دفاعی تعاون اور مشترکہ اسٹریٹجک مفادات کی عکاسی کرتا ہے اور ایک محفوظ وخوشحال مستقبل کے لیے اہم سنگ میل ہے اجلاس میں باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

ویمنز ایشیا کپ شیڈول جاری پاکستان اور بھارت ایک ہی گروپ میں شامل

پاکستان بھارت ٹاکرا پانچ ستمبر کو ٹورنامنٹ اٹھائیس اگست سے دبئی میں شروع ہوگا

لاہور (پی پی اے) ایشین کرکٹ کونسل اے سی سی نے ویمنز ایشیا کپ 2026 کے شیڈول کا اعلان کر دیا ہے۔ ٹورنامنٹ 28 اگست سے 13 ستمبر تک دبئی میں کھیلا جائے گا اے سی سی کے مطابق گروپ اے میں پاکستان بھارت تھائی لینڈ اور ہانگ کانگ چائنا شامل ہیں جبکہ گروپ بی میں سری لنکا بنگلا دیش متحدہ عرب امارات اور انڈونیشیا کو رکھا گیا ہے گروپ مرحلے میں پاکستان اور بھارت کے درمیان روایتی مقابلہ 5 ستمبر کو کھیلا جائے گا، جس کا شائقین کرکٹ کو بے صبری سے انتظار ہے ٹورنامنٹ کے سیمی فائنلز 10 اور 11 ستمبر کو جبکہ فائنل 13 ستمبر کو دبئی میں کھیلا جائے گا

ایشین گیمز ہاکی، پاکستان کے پول اور شیڈول کا اعلان

پاکستان پول بی میں چین ملائیشیا عمان تھائی لینڈ ازبکستان سے مقابلہ کرے گا

اسلام آباد (پی پی اے) پاکستان ہاکی فیڈریشن پی ایچ ایف کے میڈیا سیل کے مطابق 20 ویں ایشین گیمز 2026ء کے مردوں کے ہاکی ایونٹ کا شیڈول اور پولز کا باضابطہ اعلان کر دیا گیا ہے ایشین ہاکی فیڈریشن اے ایچ ایف کے زیر اہتمام یہ ایونٹ 18 ستمبر سے 3 اکتوبر 2026ء تک جاپان کے شہر گیفو میں کھیلا جائے گا اعلان کے مطابق پاکستان کو پول بی میں رکھا گیا ہے جہاں اس کے ساتھ چین ملائیشیا عمان تھائی لینڈ اور ازبکستان کی ٹیمیں شامل ہیں پاکستان کے پول میچز کا شیڈول درج ذیل ہے۔ 20 ستمبر پاکستان بمقابلہ تھائی لینڈ 22 ستمبر پاکستان بمقابلہ ازبکستان 24 ستمبر پاکستان بمقابلہ چین 26 ستمبر پاکستان بمقابلہ ملائیشیا 28 ستمبر پاکستان بمقابلہ عمان دوسری جانب پول اے میں میزبان جاپان کوریا بھارت بنگلہ دیش انڈونیشیا اور سری لنکا کی ٹیموں کو شامل کیا گیا ہے۔ ایشین گیمز کا ہاکی ایونٹ 3 اکتوبر کو اختتام پذیر ہوگا جہاں ایشیا کی بہترین ٹیمیں اعزاز کے لیے مدمقابل ہوں گی

سی پیک کے تحت پاکستان کو جدید زرعی مشینری کے 258 یونٹس موصول

چین کے تعاون سے زرعی جدید کاری، مشینری صوبوں میں تقسیم، ایک ہزار گریجویٹس کی تربیت جاری



اسلام آباد (پی پی اے) چین۔ پاکستان اقتصادی راہداری سی پیک کے تحت زرعی تعاون پروگرام میں پاکستان کو جدید زرعی مشینری اور آبپاشی کے آلات کے 258 یونٹس موصول ہو گئے ہیں، جن کا مقصد ملک کے زرعی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنا اور زرعی پیداوار میں اضافہ کرنا ہے سرکاری دستاویزات کے مطابق یہ مشینری پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل پارک کے ایگریکلچرل انجینئرنگ انسٹی ٹیوٹ نے نیشنل ایگریکلچرل ریسرچ سینٹر نارک۔ میں وصول اور اسمبل کی جس کے بعد اسے پنجاب سندھ خیبر پختونخوا بلوچستان اور پارک میں تقسیم کر دیا گیا تاکہ جدید زرعی ٹیکنالوجی کے عملی مظاہرے اور فروغ کو یقینی بنایا جا سکے پیکیج میں 40 ٹریکٹر 20 روٹری ٹلرز 30 روٹری ٹلچ فرٹیلائزر ڈرلز 40 رائس ویٹ کمبائن ہارویسٹرز آٹھ کارن ہارویسٹرز 40 انٹرلچ ویڈرز 40 ٹرمرز 20 ہوز ریل آبپاشی نظام اور 20 شمسی توانائی سے چلنے والے واٹر پمپنگ سسٹمز شامل ہیں دستاویزات کے مطابق یہ منصوبہ وزیراعظم کے زرعی جدید کاری پروگرام کا حصہ ہے جس کے تحت زراعت کو ٹیکنالوجی پر مبنی، موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ اور برآمدات پر مبنی شعبے میں تبدیل کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ اس اقدام کو قومی زرعی بائیوٹیکنالوجی پالیسی 2026 اور قومی سیڈ پالیسی 2026 کی بھی حمایت حاصل ہے منصوبے کے تحت پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل اور چائنیز اکیڈمی آف ایگریکلچرل سائنسز کے اشتراک سے نیشنل ایگریکلچرل ریسرچ سینٹر اسلام آباد میں پانچ سینٹرز آف ایکسی لینس قائم کیے جائیں گے جہاں جینوم تحقیق کلائمیٹ سمارٹ زراعت مصنوعی ذہانت جدید زرعی ٹیکنالوجی، فوڈ پراسیسنگ اور ویلیو ایڈیشن پر تحقیق ہوگی حکومت قومی زرعی میکانائزیشن پالیسی مقامی زرعی مشینری کی تیاری معیار بندی سرٹیفکیشن کسٹم ہائرنگ سینٹرز اور زرعی انجینئرز کی جدید تربیت پر بھی کام کر رہی ہے وزیراعظم کے ایک ہزار پاکستانی زرعی گریجویٹس کو چین میں تربیت دینے کے پروگرام کے تحت اب تک 885 گریجویٹس تربیت مکمل کر چکے ہیں جبکہ باقی 115 بھی جلد تربیت کے لیے چین روانہ ہوں گے تربیت یافتہ گریجویٹس جدید زرعی ٹیکنالوجی اور تحقیق کسانوں اور زرعی اداروں تک منتقل کریں گے جس سے زرعی پیداوار، پانی کے مؤثر استعمال اور عالمی منڈی میں پاکستان کی مسابقت بڑھنے کی توقع ہے۔

کوریا کے خلاف ہاکی ٹیسٹ میچ کے موقع پر اولمپین سمیع اللہ خان سے خالد اطہر کی ملاقات

پاکستان میں ہاکی کے ٹیلنٹ کو نکھارنے اور جدید سہولیات کی فراہمی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (پی پی اے) جنوبی کوریا کے خلاف کھیلے گئے ہاکی ٹیسٹ میچ کے موقع پر چیف ایڈیٹر اسپورٹس ٹائمز انٹرنیشنل خالد اطہر کی پاکستان ہاکی ٹیم کی سلیکشن کمیٹی کے چیئرمین اور اولمپین سمیع اللہ خان سے ملاقات ہوئی ملاقات کے دوران پاکستان ہاکی کی موجودہ صورتحال قومی ٹیم کی کارکردگی نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں آئندہ عالمی مقابلوں کی تیاری اور ہاکی کے فروغ سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر اولمپین سمیع اللہ خان نے کہا کہ پاکستان میں ہاکی کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے اور اگر کھلاڑیوں کو مستقل مواقع معیاری تربیت اور جدید سہولیات فراہم کی جائیں تو قومی ٹیم دوبارہ عالمی سطح پر نمایاں کامیابیاں حاصل کر سکتی ہے ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی اور دونوں شخصیات نے پاکستان ہاکی کی ترقی اور بین الاقوامی سطح پر کامیابیوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا

پاکستان ہاکی ٹیم سیریز اپنے نام کر لی آخری میچ شکست کا سامنا کرنا پڑا

کوریا نے آخری ٹیسٹ میں پاکستان انڈر 21 کو شکست دی سیریز پاکستان کے نام رہی



اسلام آباد (پی پی اے) پاکستان کی انڈر 21 ہاکی ٹیم اور جنوبی کوریا کی سینئر ہاکی ٹیم کے درمیان چار ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کے چوتھے اور آخری میچ میں کوریا نے پاکستان کو 6-2 سے شکست دے دی۔ تاہم پاکستان کی انڈر 21 ٹیم ابتدائی تین میچ جیت کر سیریز 3-1 سے اپنے نام کرنے میں کامیاب رہی نصیر بندہ ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ کے موقع پر آئی پی سی کے سیکرٹری اور پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین احمد وانی چیئرمین سلیکشن کمیٹی اولمپین سمیع اللہ خان سینئر اسپورٹس اینکر یحییٰ خان اور اسپانسرز کے نمائندے بھی موجود تھے کوریا نے میچ کا آغاز جارحانہ انداز میں کیا اور تیسرے منٹ میں ریم جن کانگ جبکہ پانچویں منٹ میں کم ہیون ہونگ نے پینلٹی کارنرز پر گول کر کے اپنی ٹیم کو 2-0 کی برتری دلا دی دوسرے کوارٹر میں پاکستان کی جانب سے 19 ویں منٹ میں محمد احمد نے شاندار فیلڈ گول اسکور کر کے خسارہ 2-1 کر دیا پہلے ہاف کے اختتام تک کوریا کو 2-1 کی برتری حاصل رہی تیسرے کوارٹر میں کوریا نے مزید تین پینلٹی کارنرز کو گول میں تبدیل کیا 37 ویں اور 40 ویں منٹ میں لم دو ہیون جبکہ 42 ویں منٹ میں کم ہیون ہونگ نے گول کر کے اپنی ٹیم کی برتری 5-1 کر دی چوتھے کوارٹر میں پاکستان کے غلام مصطفیٰ نے 43 ویں منٹ میں فیلڈ گول کر کے اسکور 5-2 کیا تاہم 54 ویں منٹ میں کم یونگ بوک نے ایک اور فیلڈ گول اسکور کر کے کوریا کی 6-2 سے فتح یقینی بنا دی واضح رہے کہ پاکستان کی انڈر 21 ٹیم پہلے ہی ابتدائی تین میچ جیت کر سیریز اپنے نام کر چکی تھی جبکہ چوتھا میچ جنوبی کوریا کی سینئر ٹیم کے خلاف کھیلا گیا۔ قومی ٹیم کی مجموعی کارکردگی کو شائقین ہاکی نے بے حد سراہا اور نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو پاکستان ہاکی کے روشن مستقبل کی نوید قرار دیا

پاکستان اوور 60 کرکٹ ٹیم ورلڈ کپ کیلئے کینیڈا روانہ ہوگئی

چودہ ٹیموں کے ٹورنامنٹ میں پاکستان اپنا پہلا میچ نو اگست کو ویلز کے خلاف کھیلے گا

کراچی (پی پی اے) پاکستان کی 60 سال سے زائد عمر کے کھلاڑیوں پر مشتمل اوور 60 کرکٹ ٹیم ورلڈ کپ 2026 میں شرکت کے لیے کینیڈا روانہ ہوگئی ٹورنامنٹ 9 سے 23 اگست تک مسی ساگا میں کھیلا جائے گا۔ جس میں دنیا بھر کی 14 ٹیمیں حصہ لیں گی ورلڈ کپ میں پاکستان آسٹریلیا بھارت جنوبی افریقہ انگلینڈ نیوزی لینڈ۔ سری لنکا ویسٹ انڈیز امریکہ زمبابوے کینیڈا ویلز سکاٹ لینڈ اور آئی ایم سی ایمرجنگ الیون کی ٹیمیں شریک ہوں گی اس موقع پر کراچی جمخانہ کلب میں قومی ٹیم کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں سندھ کے وزیر محنت افرادی قوت وسماجی تحفظ سعید غنی نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی انہوں نے کہا کہ اوور 60 کرکٹ ورلڈ کپ میں پاکستان کی نمائندگی پوری قوم کے لیے اعزاز ہے اور وہ ٹیم کی کامیابی کے لیے دعا گو ہیں پاکستان ویٹرنز کرکٹ ایسوسی ایشن کے چیئرمین اور ٹیم کے کپتان فواد اعجاز خان نے اس امید کا اظہار کیا کہ قومی ٹیم ایک بار پھر ورلڈ کپ کا ٹائٹل جیتنے کی بھرپور کوشش کرے گی انہوں نے یاد دلایا کہ پاکستان نے 2022 میں آسٹریلیا میں ہونے والا اوور 60 ورلڈ کپ جیتا تھا فواد اعجاز خان ٹیم کی قیادت کریں گے جبکہ سید مظہر حسین نائب کپتان ہوں گے۔ اسکواڈ میں سابق پاکستانی ٹیسٹ وون ڈے کرکٹر ساجد علی بھی شامل ہیں جنہوں نے قومی ٹیم کی نمائندگی کر رکھی ہے پاکستان اپنا پہلا میچ 9 اگست کو ویلز دوسرا 10 اگست کو آئی ایم سی ایمرجنگ الیون تیسرا 13 اگست کو سری لنکا چوتھا 17 اگست کو میزبان کینیڈا پانچواں 18 اگست کو جنوبی افریقہ جبکہ آخری گروپ میچ 20 اگست کو آسٹریلیا کے خلاف کھیلے گا سیمی فائنلز 21 اگست اور فائنل 23 اگست کو منعقد ہوگا

ورلڈ کپ سے قبل قومی ہاکی ٹیم کو دو کروڑ روپے الاؤنس

پی ایچ ایف نے کھلاڑیوں، کوچز کے اکاؤنٹس میں پیشگی فارن ڈیلی الاؤنس منتقل کر دیا، تمام انتظامات مکمل



اسلام آباد (پی پی اے) پاکستان ہاکی فیڈریشن پی ایچ ایف نے بیلجیئم اور نیدرلینڈز میں ہونے والے ایف آئی ایچ ہاکی ورلڈ کپ 2026 میں شرکت کے لیے روانگی سے قبل قومی ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں اور کوچز کے بینک اکاؤنٹس میں 2 کروڑ روپے کا فارن ڈیلی الاؤنس (ڈی اے) پیشگی منتقل کر دیا ہے پی ایچ ایف کے مطابق اس پیشگی ادائیگی کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ دورے کے دوران کھلاڑی اور آفیشلز مالی طور پر بے فکر رہیں اور اپنی تمام تر توجہ ورلڈ کپ کی تیاریوں اور بہترین کارکردگی پر مرکوز رکھ سکیں فیڈریشن نے بتایا کہ پیشگی الاؤنس کے علاوہ قومی ٹیم کی شرکت کے لیے تمام ضروری انتظامات بھی مکمل کر لیے گئے ہیں، جن میں بین الاقوامی فضائی ٹکٹ، معیاری ہوٹل میں رہائش و طعام مقامی ٹرانسپورٹ تربیتی سہولیات، لاجسٹکس اور کھیلوں کا سامان منتقل کرنے کے انتظامات شامل ہیں پی ایچ ایف کے صدر محی الدین احمد وانی نے کہا کہ قومی ٹیم کی فلاح و بہبود اور بہترین سہولیات کی فراہمی فیڈریشن کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھلاڑیوں اور کوچز کو صرف کھیل پر توجہ دینی چاہیے، جبکہ فیڈریشن نے روانگی سے قبل تمام مالی اور لاجسٹک انتظامات مکمل کر دیے ہیں انہوں نے کہا کہ 2 کروڑ روپے کی پیشگی ادائیگی اس عزم کا اظہار ہے کہ عالمی ہاکی کے سب سے بڑے ایونٹ میں پاکستان کی نمائندگی کرنے والی ٹیم کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی پی ایچ ایف نے امید ظاہر کی کہ بروقت کیے گئے ان اقدامات سے کھلاڑیوں کے حوصلے بلند ہوں گے اور وہ ورلڈ کپ میں اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے فیڈریشن نے قومی ٹیم کی تیاریوں میں تعاون پر اپنے اسپانسرز، معاونین اور حکومتِ پاکستان کا بھی شکریہ ادا کیا

سول ایوارڈز میرٹ شفافیت اور انصاف پر دیے جائیں گے احسن اقبال

قومی ہیروز کی خدمات کا اعتراف نئی نسل کیلئے حوصلہ اور تحریک بنتا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (پی پی اے) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان سول ایوارڈز کمیٹی نے آئین پاکستان اور مقررہ اصولوں کے مطابق سائنس، تعلیم ادب۔ فن اور عوامی خدمت کے شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دینے والی شخصیات کی نامزدگیوں کا حتمی جائزہ لیا ہے پاکستان سول ایوارڈز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح خالص میرٹ کی بنیاد پر ان قومی ہیروز کو اعزازات سے نوازنا ہے جنہوں نے اپنی صلاحیتوں محنت اور خدمات کے ذریعے پاکستان کا نام دنیا بھر میں روشن کیا وفاقی وزیر نے کہا کہ جب قوم اپنے حقیقی معماروں اور محسنوں کو عزت و احترام دیتی ہے تو یہی اعتراف آنے والی نسلوں کے لیے تحریک حوصلہ اور وطن کی خدمت کے جذبے کو فروغ دینے کا مؤثر ذریعہ بنتا ہے پروفیسر احسن اقبال نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سول ایوارڈز کا عمل مکمل شفافیت انصاف اور میرٹ کے اصولوں کے مطابق جاری رکھا جائے گا تاکہ قومی خدمت انجام دینے والی ممتاز شخصیات کی خدمات کا بھرپور اعتراف کیا جا سکے

پاک ترکیہ سعودی عرب میں تاریخی دفاعی معاہدے

مکہ مکرمہ میں ہونے والے اس اہم دفاعی معاہدے کے تحت تینوں ممالک کا دفاع یکساں ہوگا

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان 'مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ' طے پا گیا، دفاعی معاہدہ کے تحت تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر ہونے والا مسلح حملہ تینوں ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب نے مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کر دیئے، ایک ملک پر حملہ تینوں ممالک پر حملہ تصور ہوگا۔ دفتر خارجہ کے مطابق خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی دعوت پر ترک صدر طیب اردوان اور پاکستان کے وزیر شہباز شریف نے مملکتِ سعودی عرب کا دورہ کیا، ولی عہد محمد بن سلمان نے ترکیہ کے صدر اور وزیراعظم پاکستان کا استقبال کیا۔ مکہ کے الصفا محل میں مشترکہ سربراہی اجلاس ہوا، جس کے دوران تینوں ممالک کے درمیان دیرینہ تاریخی تعلقات، اخوت اور اسلامی یکجہتی کے مضبوط رشتوں، مشترکہ ترویراتی مفادات اور طویل عرصے سے جاری دفاعی تعاون کو مدنظر رکھتے ہوئے سعودی عرب کے ولی عہد و وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز، ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور پاکستان کے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے 'مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے' پر دستخط کیے۔ وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ کے تحت تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر ہونے والا مسلح حملہ تینوں ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ اس سربراہی اجلاس کے دوران سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان ممتاز اور برادرانہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا، باہمی دلچسپی کے خطے اور بین الاقوامی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت خارجہ کے بیان میں مزید بتایا گیا کہ معاہدہ دفاعی تعاون کے تمام شعبوں میں اشتراک اور تعاون کو مزید فروغ دینے کی بھی شقیں رکھتا ہے، یہ معاہدہ تینوں ممالک کے اس مشترکہ عزم کا مظہر ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق اس معاہدے کا مقصد کسی بھی جارحیت کے خلاف مشترکہ دفاعی صلاحیت اور قوت کو مضبوط بنانا ہے۔ اس سے قبل پاکستان اور سعودی عرب نے دفاعی معاہدہ کیا تھا جس کے تحت کسی بھی ایک ملک پر حملہ دوسرے ملک پر حملہ تصور کیا جائے گا۔

حافظ ثاقب سرور کا بیان، معاشرتی اصلاح کیلئے تین سنہری اصول

فحاشی وعریانی کے خاتمے کیلئے بچوں کی بروقت شادی ناگزیر قرار دی گئی

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) ڈولفن اہلکاروں کے شہری پر تشدد کی شکایت پر سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کا نوٹس، اے ایس پی نیوٹاؤن کو انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کا حکم، انکوائری میں الزامات درست ثابت ہونے پر سخت محکمانہ کارروائی کی جائے گی، سی پی او حسن مشتاق سکھیرا۔ تفصیلات کے مطابق ڈولفن اہلکاروں کے شہری پر تشدد کی شکایت پر سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے نوٹس لے لیا، سی پی او نے اے ایس پی نیوٹاؤن کو انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا، تھانہ گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری نے زمین کے تنازعہ پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے باپ بیٹے کو قتل جبکہ 2 شہریوں کو زخمی کر دیا تھا، اشتہاری مئی 2020 سے پولیس کو مطلوب تھا، گوجر خان پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا، اشتہاری کے سات ساتھیوں کو قبل ازیں گرفتار کیا جا چکا ہے، ٹیکسلا پولیس نے منشیات سپلائرز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے دو منشیات سپلائرز کو گرفتار کر لیا، زیر حراست منشیات سپلائرز سے 5 کلو چرس برآمد ہوئی، ٹیکسلا پولیس نے دو الگ الگ مقدمات درج کر کے گرفتار کر لیا، تھانہ سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 12 سالہ بچی سے نازیبا حرکات کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، مدعیہ مقدمہ کے مطابق زیر حراست شخص نے اس کی بیٹی سے نازیبا حرکات کیں، تھانہ سٹی پولیس نے خاتون کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا، تھانہ صدر واہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو رکنی بائیک لفٹر گینگ کو گرفتار کر لیا، زیر حراست گینگ سے 9 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد ہوئے، بکرسیداں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 5 سالہ بچے سے نازیبا حرکات کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، مدعی مقدمہ کے مطابق زیر حراست شخص نے اس کے بھانجے سے نازیبا حرکات کیں، کلر سیداں پولیس نے شہری کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا، عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنا دی، مجرم طیب کو 15 سال قید اور 4 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 6 کلو 100 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ روات پولیس نے فروری 2026 میں گرفتار کیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی موثر پیروی کے نتیجے میں عدالت نے مجرم کو سزا سنائی، تھانہ بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان لے کر جانے والے شخص کو گرفتار کر لیا، زیر حراست شخص سے مختلف اقسام کے ماچس پٹاخوں کی 231 ڈبیاں، انار 108 عدد، سوتر گولہ 20 پیکٹ اور دیگر سامان آتش بازی برآمد ہوا، تھانہ بنی پولیس نے مقدمہ درج کر کے حراست میں لے لیا، چکلالہ پولیس کی کارروا'ئ اپنے تایا زاد بھائی کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار، ملزم نے دو روز قبل لین دین کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے اپنے کزن علی کو قتل کیا تھا، چکلالہ پولیس نے مقدمہ درج کر کے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلیجنس ذرائع بروئ کار لاتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا، تھانہ صدر واہ پولیس کی فوری کارروائی، حسن ابدال اٹک میں موبائل شاپ سے موبائلز چوری کر کے فرار ہونے والا ملزم گرفتار، لاکھوں روپے مالیت کے 44 موبائل برآمد، ملزم نے کچھ ہی دیر قبل حسن ابدال کے علاقہ میں موبائل شاپ پر چوری کی تھی، صدر واہ پولیس نے سنیپ چیکنگ کے دوران مشکوک موٹر سائیکل سوار کو روکا، تحقیقات پر ملزم سے برآمد ہونے والے موبائل فونز حسن ابدال سے چوری شدہ پائے گئے، صدر واہ پولیس نے مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا۔

لاہور پریس کلب میں یوم آزادی سپورٹس مقابلوں کے انعقاد کا فیصلہ

کمیٹی کا صحافیوں اور اہل خانہ کیلئے کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ، اداروں سے تعاون لینے کا اعلان

لاہور (پی پی اے) لاہور پریس کلب کی سپورٹس کمیٹی نے یوم آزادی پاکستان کی تقریبات کے سلسلے میں کلب کے اراکین اور ان کے اہل خانہ کے لیے مختلف کھیلوں کے مقابلوں کے انعقاد کا فیصلہ کیا ہے جس کا مقصد صحافی برادری میں صحت مند کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے یہ فیصلہ سپورٹس کمیٹی کے اجلاس میں کیا گیا جس کی صدارت جوائنٹ سیکرٹری عمران شیخ نے کی اجلاس میں محمد بابر حافظ عمران

نئی نسل کی طاقت اور مسائل کو سمجھنا ہوگا

مکالمہ

سلمان عابد

جنوبی ایشیا کے ممالک میں جس طرح سے بنگلہ دیش، میانمار، نیپال اور سری لنکا میں اب نوجوان اور بالخصوص نوجوان لڑکیاں اور لڑکے 15 سے 35 برس کے نوجوان اپنے اپنے سیاسی اور سماجی طاقت کی بنیاد پر سامنے آئے ہیں۔ ان کے لیے لیڈرشپ کے اس دور میں پاکستان میڈیا نے ایک کی دنیا آباد کی ہے۔ سیل روانی الیکٹرانک یا پرنٹ میڈیا یا انٹرنیٹ کی دنیا ہے ہمارا آگے ہے۔ ان کے ہاں اپنے اپنے کلچر کا سوق اور اظہار کے لیے الیکٹرانک میڈیا کی صورت میں ایک نئی طاقت ہمارا آگے ہے۔ یہ نسل اپنی اپنی ریاستوں کی طرح موجود حکمرانی کے نظام کو بھی تبدیل کرنے کی بنیاد پر ہے۔ وہ سیاسی، سماجی، معاشی اور ثقافتی سب انتظامی بنیادوں پر بنیادی تبدیلی بھی چاہتی ہیں۔ وہ خود کو مضبوط و طاقتور معاشی طور پر دیکھنا چاہتی ہیں۔ وہ سمجھتی ہیں کہ ہماری ریاست کا فرسودہ روایتی اور ذہنی طاقت کی صورت حکمرانی کا نظام اس کی ترقی میں بڑی رکاوٹ ہے۔ اب جہاں سے یہ تبدیلی آئی ہے اس میں سب کچھ ہے۔

بقیہ نمبر 1 ☆.....☆

صورتحال اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی، دفاعی اور سفارتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا بھی اظہار کیا گیا۔

بقیہ نمبر 2 ☆.....☆

صدرِ مملکت نے جنوبی وزیرستان کے علاقے اعظم ورسک میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے کہا کہ قوم اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے اور دہشت گردی کے خلاف ان کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا

بقیہ نمبر 3 ☆.....☆

یق کر دی ہے جس کے تحت وہ 30 جون 2032 تک کلب سے منسلک رہیں گے۔ ای ایس پی این کے مطابق مہینوں پر محیط مذاکرات اور تعطل کے بعد دونوں فریقین کے درمیان ہونے والی اہم ملاقات میں پیش رفت ہوئی اور معاہدے کو حتمی شکل دی گئی۔ وینسئس جونیئر کے معاہدے کے آخری سال میں داخل ہونے پر انگلش کلب آرسنل کی جانب سے بھی شدید دلچسپی ظاہر کی گئی تھی جس کے بعد ریال میڈرڈ نے اپنی پیشکش میں بہتری لائی۔ معاہدے کی تجدید کے بعد 26 سالہ ونگر نے سوشل میڈیا پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ برنابیو میں 8 سال کا عرصہ بہت کم تھا، اب مزید 6 سال اور ہمیشہ کے لیے۔ وینسئس جونیئر ہمیشہ سے ریال میڈرڈ کو اپنا پسندیدہ کلب قرار دیتے آئے ہیں اور اب معاہدے کا معاملہ طے پا جانے کے بعد وہ اور کلب لگاتار دو مشکل سیزنز کے بعد ایک بار پھر کامیابیوں کے سفر کو جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ نمبر 4 ☆.....☆

صدارت پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے خصوصی اجلاس منعقد ہوا، جس میں پنجاب بھر کے تمام ڈپٹی کمشنرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی، اجلاس میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں وہاڑی، بورے والا، تاندلیانوالہ، جڑانوالہ، جلال پور جٹاں، سمبڑیال، مریدکے، کھڈیاں، کبیروالا، چک جھمرہ، بھلوال، اٹک، کمالیہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، گوجرہ، علی پور چٹھہ، چیچہ وطنی، ڈسکہ، لیہ، سلانوالی، وزیرآباد، بہاولنگر اور میلسی سمیت مختلف شہروں کے پی ڈی پی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا، جبکہ ساہیوال، فیصل آباد، ملتان، گوجرانوالہ، شیخوپورہ، ننکانہ، راولپنڈی اور سیالکوٹ کے منصوبوں پر بھی رپورٹ پیش کی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پی ڈی پی فیز ون کی کیس سٹڈی تیار کرنے، سیوریج اور ڈرینیج منصوبوں پر امپیکٹ سٹڈی رپورٹ پیش کرنے اور پروگرام پر عوامی فیڈ بیک مرتب کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 29 شہروں میں زیرزمین سٹوریج ٹینک مکمل طور پر فعال ہو چکے ہیں، جبکہ مزید 21 شہروں میں ان کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ وزیراعلیٰ نے ڈی سی لاہور کیپٹن علی اعجاز اور ڈی سی گوجرانوالہ نوید احمد شیخ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں شاباش دی، باغبانپورہ سانحے کے دوران کیپٹن علی اعجاز آخری شہری کو ملبے سے نکالنے تک مسلسل 27 گھنٹے موقع پر موجود رہے، جبکہ گوجرانوالہ میں ریکارڈ بارش کے باوجود چھ گھنٹے سے بھی کم وقت میں نکاسی آب مکمل کرنا قابل تعریف ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ مختلف شہروں میں نئے سیوریج نظام کی بدولت نکاسی آب کی صورتحال میں نمایاں بہتری آئی ہے، انہوں نے مون سون کے دوران ڈپٹی کمشنرز، سسٹمٹ کمشنرز، واسا اور سٹمرا پنجاب کے عملے کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بارشوں کے دوران عوام کی سہولت کے لیے دن رات کام کرنے والے تمام افسران اور اہلکار مبارکباد کے مستحق ہیں۔

بقیہ نمبر 5 ☆.....☆

شالیمار، تھانہ مارگلہ، تھانہ سیکرٹریٹ، تھانہ رمنا، تھانہ سنگجانی، تھانہ نون، تھانہ شمس کالونی، تھانہ سہالہ، تھانہ بنی گالا، تھانہ کورال، تھانہ شہزاد ٹاؤن اور تھانہ کوہسار پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 20 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 575,1 گرام آئس، 035,1 گرام چرس، 230,1 گرام ہیروئن، 304 بوتلیں شراب، مختلف بور کے پانچ عدد پستول اور ایک کلاشنکوف رائفل معہ ایمونیشن برآمد کر لی گئی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ مجرمان اشتہاری، سابقہ ریکارڈ یافتہ اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کیلئے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران تین مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار" 15۔ پر فوری اطلاع دیں تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 6 ☆.....☆

دوران پلانٹ نے اپنی اصل مقررہ پیداواری صلاحیت سے زیادہ بجلی پیدا کرنے کی استعداد کا مظاہرہ کیا جو پلانٹ کے موثر آپریشن، مضبوط دیکھ بھال کے نظام اور انجینئرنگ و آپریشنز ٹیموں کی غیر معمولی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا واضح اظہار ہے۔ جاری بیان کے مطابق سالانہ کیپیسٹی ٹیسٹ انڈیپنڈنٹ سسٹم اینڈ مارکیٹ آپریٹر (آئی ایس ایم او)، سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی گارنٹی لمیٹڈ (سی پی پی اے۔جی)، نیشنل گرڈ کمپنی (این جی سی) اور دیگر متعلقہ اداروں کے اشتراک سے پاور پرچیز ایگریمنٹ (پی پی اے) کے تقاضوں کے مطابق منعقد کیا گیا تاکہ پلانٹ کی قابل اعتماد پیداواری صلاحیت کی تصدیق کی جا سکے۔ ٹیسٹ کے دوران مین میٹرنگ سسٹم کے مطابق پلانٹ کی دستیاب پیداواری صلاحیت 500.1246 میگاواٹ جبکہ بیک اپ میٹرنگ سسٹم کے مطابق 137.1247 میگاواٹ ریکارڈ کی گئی۔ یہ دونوں نتائج پلانٹ کی اصل مقررہ صلاحیت 517.1243 میگاواٹ سے زیادہ رہے جو کمرشل آپریشن شروع ہونے کے تقریباً ایک دہائی بعد بھی پلانٹ کی بہترین تکنیکی حالت اور مسلسل اعلیٰ کارکردگی کا ثبوت ہیں۔ ٹیسٹ کے موقع پر آئی ایس ایم او، سی پی پی اے۔ جی اور این جی سی کے سینئر حکام موجود تھے جنہوں نے ساہیوال پاور پلانٹ کی شاندار آپریشنل کارکردگی کو سراہتے ہوئے اسے 2017ء میں کمرشل آپریشن شروع ہونے کے بعد سے ملک کے قابل اعتماد اور موثر بیس لوڈ پاور سٹیشنز میں شامل قرار دیا۔ انہوں نے پلانٹ کی مسلسل دستیابی، بھروسہ مند بجلی کی فراہمی اور اعلیٰ کارکردگی کی تعریف کی۔

بقیہ نمبر 7 ☆.....☆

دوران پلانٹ نے اپنی اصل مقررہ پیداواری صلاحیت سے زیادہ بجلی پیدا کرنے کی استعداد کا مظاہرہ کیا جو پلانٹ کے موثر آپریشن، مضبوط دیکھ بھال کے نظام اور انجینئرنگ و آپریشنز ٹیموں کی غیر معمولی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا واضح اظہار ہے۔ جاری بیان کے مطابق سالانہ کیپیسٹی ٹیسٹ انڈیپنڈنٹ سسٹم اینڈ مارکیٹ آپریٹر (آئی ایس ایم او)، سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی گارنٹی لمیٹڈ (سی پی پی اے۔جی)، نیشنل گرڈ کمپنی (این جی سی) اور دیگر متعلقہ اداروں کے اشتراک سے پاور پرچیز ایگریمنٹ (پی پی اے) کے تقاضوں کے مطابق منعقد کیا گیا تاکہ پلانٹ کی قابل اعتماد پیداواری صلاحیت کی تصدیق کی جا سکے۔ ٹیسٹ کے دوران مین میٹرنگ سسٹم کے مطابق پلانٹ کی دستیاب پیداواری صلاحیت 500.1246 میگاواٹ جبکہ بیک اپ میٹرنگ سسٹم کے مطابق 137.1247 میگاواٹ ریکارڈ کی گئی۔ یہ دونوں نتائج پلانٹ کی اصل مقررہ صلاحیت 517.1243 میگاواٹ سے زیادہ رہے جو کمرشل آپریشن شروع ہونے کے تقریباً ایک دہائی بعد بھی پلانٹ کی بہترین تکنیکی حالت اور مسلسل اعلیٰ کارکردگی کا ثبوت ہیں۔ ٹیسٹ کے موقع پر آئی ایس ایم او، سی پی پی اے۔ جی اور این جی سی کے سینئر حکام موجود تھے جنہوں نے ساہیوال پاور پلانٹ کی شاندار آپریشنل کارکردگی کو سراہتے ہوئے اسے 2017ء میں کمرشل آپریشن شروع ہونے کے بعد سے ملک کے قابل اعتماد اور موثر بیس لوڈ پاور سٹیشنز میں شامل قرار دیا۔ انہوں نے پلانٹ کی مسلسل دستیابی، بھروسہ مند بجلی کی فراہمی اور اعلیٰ کارکردگی کی تعریف کی۔

بقیہ نمبر 8 ☆.....☆

انعقاد کیا جس کا مقصد موسمیاتی تبدیلی سے متعلق رپورٹنگ کو مضبوط بنانا اور موسمیاتی چیلنجز سے متعلق عوامی آگاہی میں اضافہ کرنا تھا۔ ''موسمیاتی تبدیلی سے متعلق صحافت کو مضبوط بنانا: موسمیاتی موافقت، گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے کے خطرات (جی ایل او ایف)، سیلاب، ابتدائی انتباہی نظام اور آفات کے خطرات میں کمی کے حوالے سے میڈیا کی استعداد کار کو بہتر بنانا'' کے عنوان سے منعقدہ ورکشاپ میں مختلف اداروں سے تعلق رکھنے والے صحافیوں، رپورٹرز، اینکر پرسنز اور دیگر میڈیا پروفیشنلز نے شرکت کی۔ شرکا سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل انفارمیشن آفیسر رئیسہ عادل نے موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے متعلق عوامی آگاہی بڑھانے اور ماحولیاتی امور پر ذمہ دارانہ رپورٹنگ کے فروغ میں میڈیا کے اہم کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی خطرات سے متعلق موثر آگاہی اور قومی سطح پر لچک پیدا کرنے اور آفات سے نمٹنے کی تیاریوں کو مضبوط بنانے کے لیے ذمہ دارانہ، شواہد پر مبنی صحافت ناگزیر ہے۔ پرنسپل انفارمیشن آفیسر نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے اس لیے گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے کے خطرات (گلاف)، اچانک آنے والے سیلاب، ہیٹ ویوز اور موسمیاتی تبدیلی سے پیدا ہونے والی دیگر آفات سے متعلق بروقت، درست اور حقائق پر مبنی رپورٹنگ کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر ماہرین نے موسمیاتی موافقت، سیلاب کے خطرات، ابتدائی انتباہی نظام اور آفات کے خطرات میں کمی کی حکمت عملیوں پر پریزنٹیشنز دیں۔ انہوں نے ماحولیاتی ہنگامی صورتحال کی رپورٹنگ کے بہترین طریقوں پر بھی روشنی ڈالی اور صحافیوں کو سائنسی معلومات درست اور موثر انداز میں عوام تک پہنچانے کے لیے عملی رہنمائی فراہم کی۔ شرکا نے صحافیوں کے ساتھ موسمیاتی امور کی رپورٹنگ کے دوران میڈیا کو درپیش چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا اور صحافیوں اور تکنیکی ماہرین کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر غور کیا۔ ورکشاپ میں مختلف میڈیا اداروں سے تعلق رکھنے والے صحافیوں، اینکر پرسنز اور ریسورس پرسنز نے شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر پرنسپل انفارمیشن آفیسر رئیسہ عادل، انفارمیشن سروس اکیڈمی (آئی ایس اے) کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر جنرل ثمینہ فرزین اور ہوم پبلسٹی ونگ کی ڈائریکٹر جنرل عائشہ تصدق نے تربیتی ورکشاپ کامیابی سے مکمل کرنے والے شرکا میں اسناد تقسیم کیں۔

بقیہ نمبر 9 ☆.....☆

بارود بھی برآمد کیا گیا۔ یہ عناصر علاقے میں متعدد دہشت گرد کارروائیوں میں سرگرم رہے تھے۔ علاقے میں موجود کسی بھی ممکنہ خارجی کے خاتمے کے لیے کلیئرنس وسینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز اور پاکستان کے قانون نافذ کرنے والے ادارے نیشنل ایکشن پلان کے منظور شدہ وژن عزمِ استحکام کے تحت ملک سے بیرونی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک اپنی بلاامتیاز انسدادِ دہشت گردی مہم پوری قوت کے ساتھ جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر 10 ☆.....☆

پر الیکشن سے دھاندلی کی بنیاد رکھی گئی، کچھ پولنگ سٹیشنز میں ٹرن آؤٹ 90 فیصد سے زیادہ رہا، کیا یہ ممکن ہے؟ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن کو دھاندلی سے متعلق آگاہ کیا مگر کوئی ایکشن نہیں لیا گیا، ہم ملک چھوڑ کر نہیں جاتے، ن لیگ کا مقابلہ کریں گے۔ چودھری لطیف اکبر نے کہا مجھ پر حملہ کیا گیا ہمارے لوگوں کو پولنگ سٹیشن نہ جانے دیا گیا، چودھری یاسین نے کہا رانا ثنا اللہ نے ایک سال قبل کہا تھا کہ آزاد کشمیر میں حکومت بنائیں گے۔

بقیہ نمبر 11 ☆.....☆

کی، نئے صوبوں کے معاملے پر مباحثہ کرنے میں کوئی قباحت نہیں، پاکستان بے پناہ معدنی دولت سے مالا مال ہے لیکن معدنی دولت سے فائدہ اٹھانے کی صلاحیتیں ناکافی ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ معدنیات کے شعبے کو کھولنے کیلئے سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور بہتر ماحولیاتی پالیسی ناگزیر ہے، نایاب معدنیات کے وسیع ذخائر سے استفادہ نہیں کیا جاسکا۔

بقیہ نمبر 12 ☆.....☆

ت کے 258 یونٹس موصول ہوئے ہیں جن کا مقصد ملک کے زرعی شعبے کی جدید خطوط پر ترقی کو فروغ دینا ہے۔ ویلتھ پاکستان کو دستیاب سرکاری دستاویزات کے مطابق یہ مشینری پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل (پارک) کے ایگریکلچرل انجینئرنگ انسٹی ٹیوٹ نے نیشنل ایگریکلچرل ریسرچ سینٹر (نارک) میں وصول اور اسمبل کی، بعدازاں اس کا باضابطہ افتتاح کیا گیا اور اسے پارک اور صوبائی حکومتوں میں تقسیم کیا گیا تاکہ ملک بھر میں جدید زرعی ٹیکنالوجی کے عملی مظاہرے اور فروغ کو یقینی بنایا جاسکے۔ دستاویزات کے مطابق اس پیکیج میں نو اقسام کی زرعی مشینری اور آلات شامل ہیں جن میں 40 ٹریکٹر، 20 روٹری ٹلرز، 30 روٹری کلچ فرٹیلائزر ڈرلز، 40 کرالر ٹائپ رائس۔ ویٹ کمبائن ہارویسٹرز، آٹھ کارن ہارویسٹرز، 40 انٹرلچ ویڈرز، 40 ٹرمرز، 20 ہوز ریل آبپاشی نظام اور 20 شمسی توانائی سے چلنے والے واٹر پمپنگ سسٹمز شامل ہیں، کل 258 یونٹس میں سے 75 پنجاب، 45 سندھ، 38 خیبر پختونخوا، 36 بلوچستان اور 64 یونٹس پارک کو فراہم کیے گئے ہیں۔ دستاویزات کے مطابق یہ معاونت وزیراعظم کے زرعی جدید کاری اقدام کا حصہ ہے جس کا مقصد پاکستان کی زراعت کو جدید، ٹیکنالوجی پر مبنی، موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ اور برآمدات پر مبنی شعبے میں تبدیل کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 13 ☆.....☆

اے کے مطابق شکایت کنندہ نے آگاہ کیا کہ مذکورہ افسران نے ملی بھگت سے اسے ہراساں کیا، دھمکیاں دیں اور کسٹم کے زیر التوا مجرمانہ مقدمے میں ناجائز رعایت کے عوض ابتدائی طور پر 50 لاکھ روپے کا مطالبہ کیا جو بعدازاں 25 لاکھ روپے پر طے پایا۔ ملزمان نے یہ بھی دھمکی دی کہ مطالبہ پورا نہ ہونے پر شکایت کنندہ کے خاندان اور ساتھیوں کو بھی مقدمے میں ملوث کیا جائے گا۔ مجاز اتھارٹی سے منظوری اور تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد جوڈیشل مجسٹریٹ کی نگرانی میں سیکٹر آئی ایٹ اسلام آباد کے MYST Café میں ٹریپ ریڈ کی گئی۔ کارروائی کے دوران کسٹم کے ایک انسپکٹر کو مطالبہ کردہ رشوت کی پہلی قسط 5 لاکھ روپے وصول کرتے ہوئے جوڈیشل مجسٹریٹ کی موجودگی میں رنگے ہاتھوں گرفتار کیا گیا۔ رنگی ہوئی کرنسی ملزم کے قبضے سے برآمد کر لی گئی اور موبائل فون بھی قبضے میں لے لیا گیا۔ موبائل فون کی ابتدائی فرانزک جانچ سے وائس چیٹس برآمد ہوئی ہیں جن سے شکایت کنندہ سے رقم بٹورنے کی مجرمانہ سازش اور اس کے خاندان کو ہراساں کرنے کے منصوبے کا انکشاف ہوا۔ ملزمان کے خلاف دفعات 161 اور 109 تعزیرات پاکستان اور دفعہ 5(2) پریوینشن آف کرپشن ایکٹ 1947 کے تحت ایف آئی آر نمبر 2026/39 درج کی گئی۔ گرفتار انسپکٹر کو عدالت میں پیش کیا گیا جہاں 5 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کیا گیا۔ گرفتار ملزم کی نشاندہی پر کسٹم سپرنٹنڈنٹ اور ایک اور انسپکٹر کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔ ایف آئی اے بدعنوانی کے خلاف زیرو ٹالرینس کی پالیسی پر کاربند ہے اور رشوت ستانی اور اختیارات کے ناجائز استعمال میں ملوث سرکاری افسران کے خلاف بلاامتیاز سخت قانونی کارروائی جاری رہے گی۔ مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 14 ☆.....☆

درمیان انسداد دہشت گردی کے حوالے سے مذاکرات ایک باقاعدہ عمل ہیں، جن میں دہشت گردی کے تمام پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا جاتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دونوں ممالک کے درمیان انٹیلی جنس تعاون موجود ہے اور اس تعاون کی موجودہ سطح اطمینان بخش ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ افغانستان سے سرگرم دہشت گرد گروہ پورے خطے میں کارروائیاں کر رہے ہیں اور ان دہشت گرد نیٹ ورکس کو بھارتی مالی معاونت حاصل ہے۔ ترجمان کے مطابق کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) کو بھی بھارت مالی امداد فراہم کر رہا ہے۔ دفاعی برآمدات سے متعلق سوال کے جواب میں ترجمان نے کہا کہ دفاعی مصنوعات کی برآمدات قومی برآمدات کا حصہ ہیں۔ اگر کوئی نجی ادارہ دفاعی مصنوعات تیار کر کے برآمد کرتا ہے تو اس سے ٹیکس اور دیگر مدات کی صورت میں قومی خزانے کو بھی آمدن حاصل ہوتی ہے۔ آبنائے ہرمز کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے ترجمان نے کہا کہ حالیہ پیش رفت سے ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات کی راہ ہموار ہونے کی امید ہے۔ پاکستان توقع رکھتا ہے کہ اس پیش رفت کے نتیجے میں اسلام آباد مفاہمتی فریم ورک پر مؤثر انداز میں عمل آگے بڑھے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایران اور امریکا کے درمیان ممکنہ معاہدے میں پاکستان کا کردار اہم ہے اور پاکستان خلیجی خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لیے مثبت سفارتی کردار ادا کر رہا ہے۔ ان کے مطابق آبنائے ہرمز کے معاملے پر پاکستان مفاہمتی کوششوں میں سرگرم ہے اور کسی بھی ممکنہ معاہدے میں پاکستان کی معاونت اہمیت کی حامل ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ معاہدہ طے پانے کے بعد بندش سمیت دیگر متعلقہ مسائل بھی حل ہونے کی توقع ہے۔ ترجمان نے اس موقع پر عمان کے کردار کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ مشرق وسطیٰ کی موجودہ صورتحال میں عمان نے مثبت اور تعمیری کردار ادا کیا ہے، جبکہ پاکستان بھی خطے میں امن اور استحکام کے لیے اپنی سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف آج سے 8 اگست تک سعودی عرب کا سرکاری دورہ کریں گے، جہاں دوطرفہ تعلقات اور علاقائی امور پر بات چیت ہوگی۔ صومالیہ میں پاکستانی یرغمالیوں کے حوالے سے ترجمان نے کہا کہ اب تک ان کی رہائی ممکن نہیں ہو سکی، جس پر حکومت کو شدید افسوس ہے۔ انہوں نے کہا کہ یرغمالیوں کی بحفاظت رہائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے لیے سفارتی اور دیگر کوششیں مسلسل جاری ہیں۔ غزہ کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ اسرائیل کی بین الاقوامی ذمہ داریوں پر مسلسل نظر رکھنے کی ضرورت ہے، جبکہ غزہ میں امن دستے بھیجنے سے متعلق کسی بھی سوال پر اس مرحلے پر تبصرہ کرنا قبل از وقت ہوگا۔

بقیہ نمبر 15 ☆.....☆

ن کا مقابلہ نہیں کر سکتا، فیلڈ مارشل کی قیادت میں مسلح افواج نے بھارت کو عبرتناک شکست دی۔ ان کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے انتخابات کے پہلے دو مراحل میں کامیابی حاصل کر چکی ہے، جبکہ 45 نشستوں پر مشتمل اسمبلی میں حکومت بنانے کے لیے 23 نشستیں درکار ہیں۔ وزیراعظم کے مشیر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے میرپور اور آزاد کشمیر کے لیے پنجاب طرز کے ترقیاتی منصوبوں کی یقین دہانی کرائی ہے اور اب کشمیری عوام سے کیے گئے تمام وعدے پورے کرنے کا وقت آ گیا ہے، مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف آزاد کشمیر میں ترقیاتی منصوبوں کی خود نگرانی کریں گے، جبکہ وفاق میں پارٹی کی حکومت کے باعث خطے کی ترقی کی رفتار مزید تیز ہوگی۔ رانا ثنا اللہ نے مزید کہا کہ مظفر آباد، میرپور کے بعد حویلی نے بھی مسلم لیگ ن کے حق میں فیصلہ سنا دیا، آزاد کشمیر کی تاریخ کے شفاف ترین انتخابات منعقد ہوئے، دھاندلی کے الزامات حقائق کے برعکس ہیں۔ دوسری جانب وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام نے کہا ہے کہ حویلی ان کا دوسرا گھر ہے اور یہاں کے عوام سے ان کا رشتہ محبت اور اعتماد پر قائم ہے، وہ عوام کو مبارکباد دینے آئے ہیں کیونکہ آزاد کشمیر میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت بن چکی ہے، نواز شریف، شہباز شریف اور مریم نواز نے بھی اہلیان حویلی کو سلام اور مبارکباد کا پیغام دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت ہمیشہ کشمیری عوام کے شانہ بشانہ کھڑی رہی ہے اور آئندہ بھی ان کے حقوق اور ترقی کے لیے کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ اہل اوسی سے ملحقہ علاقوں میں سڑکوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے گا، جبکہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر بھی تیزی سے کام کیا جائے گا، 10 اگست کے بعد چوہدری محسن عزیز عوام کے وزیر ہوں گے اور مسلم لیگ (ن) حویلی کا انتخاب جیت کر دوتہائی اکثریت حاصل کرے گی۔

بقیہ نمبر 16 ☆.....☆

بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ نمبر 17 ☆.....☆

۔رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ صدر ٹرمپ نے استفسار کیا کہ انہیں گولہ بارود کے ذخائر میں شدید کمی سے متعلق مکمل اور بروقت آگاہ کیوں نہیں کیا گیا، جس کے باعث ایران کے خلاف ممکنہ فوجی کارروائی کے آپشنز محدود ہو گئے۔ واشنگٹن پوسٹ کی رپورٹ کے مطابق، اجلاس سے باخبر دو افراد نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ صدر ٹرمپ نے اس بات پر ناراضی کا اظہار کیا کہ انہیں یقین دلایا گیا تھا کہ اسلحے اور گولہ بارود سے متعلق مسائل حل ہو چکے ہیں، جبکہ حقیقت اس کے برعکس نکلی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ خاص طور پر طویل فاصلے تک مار کرنے والے گائیڈڈ میزائلوں اور فضائی دفاعی نظام کے انٹرسیپٹرز کی کمی ان اہم وجوہات میں شامل ہے جن کے باعث صدر ٹرمپ نے حالیہ دنوں میں ایران کے خلاف مزید بڑے فوجی حملوں سے گریز کیا۔ ذرائع کے مطابق جب صدر ٹرمپ نے اسلحے کے خالی ہوتے ذخائر پر وزیر دفاع سے جواب طلب کیا تو پیٹ ہیگسیتھ نے اپنا مؤقف پیش کرتے ہوئے اس صورتحال اور صدر کو مکمل بریفنگ نہ ملنے کا ذمہ دار اپنے نائب اسٹیفن فینبرگ کو قرار دیا۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ اس واقعے نے صدر ٹرمپ اور وزیر دفاع کے درمیان بڑھتی ہوئی بے چینی اور اختلافات کو نمایاں کر دیا ہے۔ متعدد حکام کے مطابق پیٹ ہیگسیتھ ابتدا ہی سے ایران کے خلاف فوجی کارروائی کے حامی تھے اور انہوں نے صدر کو یقین دلایا تھا کہ ایسی کارروائی تیز، مؤثر اور نسبتاً آسان ثابت ہوگی۔ تاہم وائٹ ہاؤس اور پینٹاگون نے واشنگٹن پوسٹ کی اس رپورٹ کو سختی سے مسترد کر دیا ہے۔ وائٹ ہاؤس کی پریس سیکرٹری کیرولین لیوٹ نے کہا کہ "یہ سو فیصد جھوٹی خبر ہے۔ ایسا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا۔ صدر ٹرمپ کو وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ پر مکمل اعتماد حاصل ہے۔" ادھر پینٹاگون کے ترجمان شان پارنیل نے بھی رپورٹ کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ وزیر دفاع نے نہ تو صدر کو گولہ بارود کی صورتحال پر گمراہ کیا اور نہ ہی اپنے نائب اسٹیفن فینبرگ کو اس کا ذمہ دار ٹھہرایا۔ ان کے بقول اسلحے کے ذخائر میں کمی، اندرونی اختلافات اور ایران سے متعلق وزیر دفاع کے مؤقف کے حوالے سے کیے جانے والے تمام دعوے بے بنیاد اور من گھڑت ہیں۔

بقیہ نمبر 18 ☆.....☆

اداروں نے ایک بار پھر بھرپور انداز میں اپنے فرائض ادا کیے ہیں اور فتنہ الخوارج کی سرکوبی کے لیے ان کے مستقل مزاجی سے کیے گئے اقدامات لائق تحسین ہیں۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ پوری قوم دہشت گردی پر قابو پانے کے لیے اپنے اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہندوستان کی مذموم سرگرمیوں کے سہولت کاروں کا پیچھا جاری رکھا جائے گا۔ عبدالعلیم خان نے پاک فوج اور سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان اور ہمارے بہادر جوانوں کا حامی و ناصر ہو۔

بقیہ نمبر 19 ☆.....☆

ہ درگاہ بستی چن پیر میں ادا کی گئی، جس کے بعد انہیں مقامی قبرستان میں ایک دوسرے کے پہلو میں سپردِ خاک کر دیا گیا۔ لواحقین کے مطابق جاں بحق ہونے والی خواتین نند بھاوج تھیں۔ ان میں 18 سالہ انمول بی بی ایک شیر خوار بچی کی والدہ تھیں، جبکہ 20 سالہ آمنہ بھی ایک بچے کی ماں تھیں، اہل خانہ کا کہنا ہے کہ دونوں خواتین لاہور کے علاقے چونگی امر سدھو میں رہائش پذیر تھیں اور گھوم پھر کر پنسلیں فروخت کر کے گزر بسر کرتی تھیں۔ لواحقین کا مؤقف ہے کہ ٹاؤن شپ پولیس نے 4 اگست کو دونوں خواتین کو چوری کے الزام میں حراست میں لے کر تھانے منتقل کیا، جبکہ 5 اگست کو انہیں تھانے میں مردہ پایا گیا۔ اہل خانہ نے واقعے کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے انصاف فراہم کرنے کی اپیل کی ہے۔

بقیہ نمبر 20 ☆.....☆

مشترکہ وزارتی کمیشن کے آئندہ اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ وزارت سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر تجارت اور بیلاروس کے سفیر نے دوطرفہ روابط میں بڑھتی ہوئی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور تجارت، سرمایہ کاری اور صنعتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان کے وزیرِ اعظم اور بیلاروس کے صدر کے درمیان خوشگوار تعلقات نے دوطرفہ تعلقات کو مضبوط کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے رہنماؤں کے درمیان باہمی مفاہمت اور مسلسل روابط نے متعدد شعبوں میں عملی تعاون کے لیے نئی راہیں کھول دی ہیں۔ بات چیت میں دوطرفہ لین دین کو آسان بنانے اور دونوں ممالک میں کاروباری اداروں کی معاونت کے لیے عملی مالی انتظامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ متعلقہ مالیاتی ادارے اور تکنیکی ماہرین محفوظ اور باہمی طور پر قابلِ قبول ادائیگی کے طریقہ کار بشمول مقامی کرنسی میں تصفیوں اور دیگر متبادل انتظامات پر مشاورت جاری رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان زراعت، کھاد، انجینئرنگ مصنوعات، ٹریکٹرز، بھاری مشینری، توانائی کی مصنوعات اور غذائی اجناس کے شعبوں میں تعاون کے نمایاں مواقع موجود ہیں۔ بیلاروس کے سفیر نے وفاقی وزیر کو آگاہ کیا کہ بیلاروس میں ملازمت کرنے والے پاکستانی کارکنوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے جبکہ ہنر مند کارکنوں کی طلب میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ فریقین نے پاکستانی کارکنوں کے لیے روزگار کے مواقع کو مزید وسعت دینے کے لیے شفاف بھرتی، مناسب مہارتوں کی مطابقت اور ادارہ جاتی سطح پر قریبی ہم آہنگی کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ وفاقی وزیر تجارت